دفتر ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور

شرائط نیلامی برائے ٹھیکہ شادی ہال آسیہ پارک (عبدالعزیز)،

معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء

1 یہ کہ ٹھیکہ معیاد برائے ایک سال از یکم جولائی 2026ء سے 30 جون 2027ء تک کیلئے ہوگی جس کی معیاد ناقابل توسیع ہوگی۔

2 یہ کہ نیلامی میں صرف وہ ٹھیکیدار حصہ لے سکتے ہیں جو لوکل کونسل بورڈ سے رجسٹرڈ شدہ برائے سال 27-2026ء ہوں۔

3 یہ کہ سابقہ میونسپل کارپوریشن (ٹاؤنز) یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایادار / نادہندہ E-Auction میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولی دہندہ مقروض ثابت ہوا تو اس کی بولی منسوخ اور زر بیعانہ بحق ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور ضبط ہوگا۔

4 یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے بولی دہندہ مبلغ -/20,000 (بیس ہزار) روپے کا مقررشدہ بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ بحق ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور نیلامی کی مقررہ تاریخوں میں پہلی روز یعنی پیر کو لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخوا کی ویب سائٹ http://cfmis.lgkp.gov.pk پر اس کی تفصیل درج کریگا جس کی تصدیق لوکل کونسل بورڈ کریگا اور ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ثابت ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بلیک لسٹ کیا جائیگا۔ تمام بولی دہندہ گان مذکورہ کال ڈیپازٹ بمعہ نقل قومی شناختی کارڈ و رجسٹریشن دفتر ریگولیشن سیکشن، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، واقع باچاخان چوک پشاور دفتری اوقات کار میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

5 یہ کہ اینٹی اسنائپنگ (Anti-Sniping) فیچر کو تمام نیلامیوں میں بغیر کسی استثناء کے مکمل طور پر نافذ کیا گیا ہے جس کے تحت نیلامی کے آخری منٹ یعنی 03:59PM کے دوران کوئی بولی دہندہ اپنی پیشکش اپ ٹو ڈیٹ کرتا ہے تو آئندہ ہر بولی کی میعاد میں تین (۳) منٹ کا اضافہ کیا جائے اور اگر اس دوران دوبارہ بولی دہندہ اپنی بولی دے گا تو مزید تین (۳) منٹ دیئے جائینگے اور یہ سلسلہ تین بار یعنی 04:09PM تک ہوگا۔

6 یہ کہ بعد از اختتام آن لائن بولی / پیشکش کامیاب بولی دہندہ پندرہ فیصد (15%) زرِ بیعانہ اور پانچ فیصد (5%) زرِ خدمات دو یوم کے اندر اندر دفتر اوقات کار داخل خزانہ کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، پشاور کرنے کا پابند ہوگا۔ جس میں پندرہ فیصد 15% زرِ بیعانہ کی بحرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائے گی اور پانچ فیصد 5% زرِ خدمات بعد از ٹھیکہ کی حساب کتاب واپس کی جائے گی۔

7 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی پیشکش منظور ہونے کے بعد سات (7) یوم کے اندر اندر جوڈیشل سٹامپ پیپر پر جن پر شرائط ہوگی جس کیلئے کامیاب بولی دہندہ دو (۲) شخصی ضمانتی (جو مقامی رہائش پذیر ہو) جس کی ٹھیکہ مالیت کے برابر جائیداد / اثاثہ جات موجود ہو جوڈیشل مجسٹریٹ درجہ اول سے تصدیق شدہ اقرار نامہ بحق ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور پیش کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ مقررہ مدت کے اندر اور پیشگی رقم جمع نہ کرنے یا معاہدہ تحریر نہ کرنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی خود بخود منسوخ تصور ہوگی۔ اور زرِ خدمات بحق کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ پشاور ضبط ہوگی۔ جبکہ ٹھیکہ مذکورہ دوسرے سب سے زیادہ بولی دینے والے بولی دہندہ کو کامیاب / سب سے زیادہ بولی دہندہ کی پیش کردہ بولی کی پیشکش کیجائیگی۔ " Failure to deposit the advance amount or execute the agreement within the stipulated time shall result in automatic cancellation of the bid and forfeiture of earnest money in favor of the concerned Local Council. The contract may then be offered to the second highest bidder at the rate of bid offered by the highest / successful bidder.

8 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ شادی کی حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائیگا اور پارک میں کسی بھی قسم کی جانی و مالی نقصان کا تمام تر ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ ہوگا جس سے محکمہ کا کوئی سروکار نہیں ہوگا۔ اور کامیاب بولی دہندہ کے انتظامات کا مجاز حکام / آفیسر معائنہ کرے گا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئی تو اس کو فوری طور پر دور کرنا کامیاب بولی دہندہ کا فرض منصبی ہوگا۔

9 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے کل زرِ نیلام گیارہ (11) مساوی اقساط میں ہر ماہ کی 5th تاریخ کو جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر مقررہ تاریخ تک قسط جمع نہ کی تو کامیاب بولی دہندہ دو فیصد (2%) فی یومیہ جرمانے (Surcharge) کے حساب سے قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا لیکن جرمانہ کے ساتھ رقم جمع کرنے کی میعاد مہینے کی 10th تاریخ سے زیادہ نہ ہوگی بصورت دیگر مہینے کی 15th تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ کر کے زرِ خدمات ضبط کر دی جائیگی تاہم کامیاب بولی دہندہ کو دو یوم کا (Grace Period) دیا جائیگا اور بینک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ کی ٹرانزیکشن (Transaction) میں سہولت دی جائیگی کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ کے علاوہ چیک قابل قبول نہ ہوگا۔

10 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی جانب ٹھیکہ جات پر مروجہ قوانین کے مطابق لاگو شدہ انکم ٹیکس علیحدہ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ اور ریجنل ٹیکس آفس، پشاور کے مطابق لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر 236-A فنانس ایکٹ 2018ء کے تحت کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کے علاوہ 20% فیصد (Non-Filer) اور 10% فیصد (Filer) علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ سرکاری تقریبات کی صورت میں کسی قسم کی وصولی کا حقدار نہ ہوگا اور شادی ہال کی مرمت، خوبصورتی (رنگ و روغن وغیرہ) اور دیگر ضروریات کا سامان کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچ پر کریگا جس کا انتظامیہ سے کوئی مطالبہ نہیں کریگا۔

12 یہ کہ اگر ثابت ہو جائے کہ فریق اول شیڈول ریٹ سے زائد شرح وصول کرتا ہے تو محکمہ مجاز ہوگا کہ وصول کردہ ٹیکس انیس کے برابر گیارہ (11) گنا جرمانہ عائد کی جائیگی اور اگر کامیاب بولی دہندہ کو فیس کی وصولی کیلئے سرکاری اہلکار درکار ہو تو سرکاری اہلکار کامیاب بولی دہندہ کے زیر نگرانی کام کریں گے۔ اور اس عملہ کی جملہ تنخواہ بمعہ الاؤنسز، پنشن کنٹری بیوشن، میڈیکل الاؤنسز اور دوران ٹھیکہ جو مراعات تنخواہ ہوں میں دی جائیگی کامیاب بولی دہندہ ادا کریگا۔ علاوہ ازیں اگر کامیاب بولی دہندہ کو کسی اہلکار پر اعتراض ہوا تو اجاز حکام کی باہمی مشاورت سے مذکورہ آسامی پر کوئی متبادل اہلکار تعینات کیا جائے گا تو اس کی تنخواہ بمعہ الاؤنسز بھی کامیاب بولی دہندہ ادا کریگا۔

13 یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط وضوابط (Terms & Condition) جاری کردہ بحوالہ انگریزی چٹھی نمبر AO-II/LCB/6-11/2026 تاریخ 07 مئی 2026ء کا پابند ہوگا۔ اور خلاف ورزی کرنے پر کامیاب بولی دہندہ کو نوٹس جاری کیا جائیگا اور اسے فوری طور پر درست کرنا کامیاب بولی دہندہ کا فرائض منصبی ہوگا۔ اور عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ باقی ماندہ میعاد کیلئے کامیاب بولی دہندہ کے نفع و نقصان پر منسوخ کر کے زرِ خدمات ضبط کر دی جائیگی اور صوبائی حکومت کو رجسٹریشن منسوخ کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کیلئے چٹھی ارسال کی جائیگی۔

14 یہ کہ شادی ہال کیلئے جدید فرنیچر یعنی میزیں، کرسیاں، کراکری اینڈ نیٹ، کھانے پکانے کے برتنوں اور دیگر ضروری سامان فراہم کریگا اور اس کو محفوظ کرنے کیلئے جگہ مہیا کرنا بھی کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ اور اس کے ساتھ کامیاب بولی دہندہ شادی ہال میں استقبال، سٹیج و سجاوٹ کی فراہمی یقینی بنائے گا اور شادی ہال کو ساؤنڈ پروف بنانے کیلئے جدید ترین آلات نصب کرنے کے ساتھ شادی ہال میں جنریٹر مہیا کرنا بھی بذمہ کامیاب بولی دہندہ ہوگا۔

15 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ شادی ہال کو صرف اور صرف شادی کے تقریبات کے لئے استعمال کریگا اور اس کے علاوہ کسی اور مقصد کیلئے استعمال نہیں کریگا اور کامیاب بولی دہندہ شادی ہال کے میں گیٹ کے اندر کا حصہ بطور کار پارکنگ کیلئے استعمال کرنے کا مجاز ہوگا اور گیٹ کا باہر کا حصہ استعمال کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

16 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ شادی ہال میں کسی بھی قسم کی کوئی غیر اخلاقی وغیر قانونی فعل کی اجازت نہ ہوگی اور اوقات آذان اور نماز تمام تر میوزک اور ساؤنڈ پر پابندی ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ سبزہ زار کی دیکھ بھال اور صفائی وغیرہ کا کامیاب بولی دہندہ خود ذمہ دار ہوگا اور اس کے ساتھ ہی کامیاب بولی دہندہ شادی ہال کے نکاسی، کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے و تلف کرنے کا انتظام بھی بذمہ بولی دہندہ ہوگا۔

17 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ شکایات / اعتراض و تجاویز کا ایک جس نمایاں جگہ پر لگانے کا پابند ہوگا اور عوام کی جانب سے موصول شدہ اعتراض و تجاویز پر عملی کاروائی کی جائے گی اور اس ریکارڈ کو محفوظ اور برقرار رکھا جائے گا۔

18 یہ کہ اگر کوئی کمپنی یا شخص ٹیکس ادا کرنے سے گریز کرے تو ایسی صورت میں کامیاب بولی دہندہ ڈائریکٹر / ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور کو تحریری رپورٹ بمعہ مکمل کوائف پیش کریگا جس پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی نیز ہا مکمل کوائف مہیا کرنے پر کسی قسم کی کاروائی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔

19 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فیس کی وصولی کرنے کیلئے جتنی بھی ٹکٹ بک / رسید بک (حفاظتہ فارم) / اسٹیشنری جو کہ گورنمنٹ کا منظور شدہ فارم درکار ہوگی تو کامیاب بولی دہندہ اس کی چھپائی قیمت دفتر ڈائریکٹوریٹ آف ایسٹرن زون، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور میں جمع کرائی ہوگی۔ اس کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ کوئی فارم ذاتی طور پر چھپوا کر استعمال کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اور کامیاب بولی دہندہ پر یہ لازم ہوگا۔ کہ وہ ختم شدہ رسید بک ہر ماہ کے اختتام پر دفتر ریگولیشن سیکشن، کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ، پشاور میں جمع کریگا نیز بولی دہندہ رسید بک استعمال سے پہلے دفتر ریگولیشن سیکشن سے تصدیق / چیک کرائے گا۔

20 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان کی صورت میں کسی قسم معافی (Remission) کا حقدار نہ ہوگا۔ اور نہ ہی کسی قسم دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔

21 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کر دیا جائیگا۔

22 یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو کامیاب بولی دہندہ جناب ریجنل میونسپل آفیسر، پشاور ریجن سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

23 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ہر قسم یوٹیلٹی بلز یعنی بجلی، پانی، گیس اور ٹیلی فون وغیرہ بلز کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اور نقصان کی پہنچنے یعنی چوری یا آگ لگنے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ خود ذمہ دار ہوگا۔

24 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اس چیز کا کوئی دعویٰ نہیں کریگا جس کو کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون) پشاور اور صوبائی حکومت مستثنیٰ قرار دے۔

25 یہ کہ صوبائی حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات صادر ہوئے ہیں یا ہونگے کامیاب بولی دہندہ ان احکامات کا پابند ہوگا۔

26 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائیگی۔

27 یہ کہ مجاز حکام کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجہ بتانے پر بولی کو مسترد یا رد کرے اور حتمی منظوری کے بعد کسی قسم کی گفت شنید نہ ہوگی۔

شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی۔

ٹیکس پرنٹنگ
کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، پشاور

اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ریگولیشن)
کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، پشاور

ڈپٹی ڈائریکٹر (ریگولیشن)
کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، پشاور

ڈائریکٹر
کیپٹل میٹروپولیٹن گورنمنٹ (ایسٹرن زون)، پشاور

CamScanner